انگریزی سامراج کے تسلط کے زمانہ میں جب علماء امت وصلحاء ملت نے آزادی کی جدوجہد کا آغاز کیا تو عیار ومکار دشمن نے قوم کو رہبروں سے بدگمان کرنے کی خاطر ان کے خلاف پروپیگنڈے کی مکروہ مہم چلائی۔ خانوادۂ ولی اللہی کے روحانی فرزند سید احمد شہید اور حضرت شاہ صاحب کے پوتے شاہ اسمٰعیل شہید ان کا نشانہ تھے۔ بعض سادہ لوح مسلمان انگریز کی اس چال کا شکار ہو گئے۔ اس زمانہ سے آج تک ان زعمائے ملت کے خلاف ایسی زبان استعمال کی جا رہی ہے کہ توبہ بھلی!

زیر نظر کتاب میں اس قسم کی سازش کا پردہ چاک کیا گیا ہے۔ حضرت شاہ اسمٰعیل صاحب کی بابت جو تازہ خرافات شائع کئے گئے ہیں اس کا بروقت نوٹس لیا گیا ہے اور مصنف نے الزامات کی حقیقت کو آشکارا کیا۔ اولاً یہ کتاب ہندوستان میں چھپی۔ اب مولانا سعید الرحمٰن علوی کے پرمغز مقدمہ کے ساتھ سنی پبلیکیشنز نے پاکستان میں شائع کر دی ہے۔ کاغذ عمدہ، جلد سنہری ڈائی دار اور دیدہ زیب ہے (ع ق ح)

خلافت صدیق اکبر اور تحریک ختم نبوت | از حافظ ارشاد احمد دیوبندی۔ صفحات ۶۲۔ قیمت ۱۰ روپے
مدعیان نبوت کا ذبہ کے دجل وتلبیس کو طشت ازبام کرنے والا معلوماتی کتابچہ اور عہد صحابہ میں تحریک ختم نبوت کے ایمان افروز لہروں کی تاریخ۔

پتہ: افضل حق لائبریری۔ ظاہر پیر ضلع رحیم یار خان۔

اربعین نبوی | از مولانا قاضی عبدالکریم صاحب کلاچوی۔ صفحات ۵۲۔ قیمت ۳ روپے
اربعینات نبوی میں ایک مفید اور موثر اضافہ۔ مع مختصر اور جامع تشریح۔ ایک جید عالم، روحانی اور صاحب دل بزرگ کی قلم سے۔

پتہ۔ حافظ محمد نسیم مدرس و ناظم مدرسہ عربی نجم المدارس کلاچی۔ ضلع ڈیرہ اسماعیل خان۔

خاتم الانبیاء | از مولانا عبدالودود قریشی۔ صفحات ۳۲۔ قیمت ۶ روپے
مرزا غلام احمد قادیانی اور فتنہ مرزائیت کا لاجواب علمی تجزیہ۔ مختصر مگر جامع اور معلوماتی، ہر طبقہ کے لئے یکساں طور مفید۔

پتہ۔ الاشرف پبلیکیشنز۔ جامعہ اشرفیہ۔ پشاور

ذیابیطس کا علاج۔ طب قدیم وجدید کی روشنی میں | مرتبہ حکیم سید اصغر علی شاہ صاحب۔ صفحات ۲۰
ذیابیطس کے آغاز اور علاج کے مختلف مراحل اور ادوار سے گذرنے پر مختصر مگر معلوماتی کتابچہ۔

پتہ۔ مکتبہ تندرستی۔ گلی ۶ بابو بازار۔ صدر راولپنڈی (ع ق ح)